انسانیت کی خاطر نماز ودعا

دنیا کے تمام گوشوں میں

موجود ہمارے ایمانی اور انسانی بھائیو!

کورونا وائرس " کوفیڈ 19" کے تیزی سے پھیلنے کی وجہ سے آج ہماری دنیا اچانک آنے والے ایک ایسے خطرے سے دوچار ہے جس نے دنیا کے ملینوں افراد کی زندگی خطرے میں ڈال دی ہے، ایسے وقت میں اس وبا کو روکنے میں طب اور سائنسی تحقیق کے رول وکردار پر پورا ایمان و یقین رکھنے کے ساتھ ساتھ ہمارے لئے ضروری ہے کہ ہم اس بڑے بحران کے خاتمے کے لئے اللہ تعالیٰ کی طرف بھی متوجہ ہوں، اس لئے ہم دنیا کے تمام گوشوں میں بسنے والے لوگوں سے گزارش کررہے ہیں کہ ہر شخص اپنی جگہ پر رہتے ہوئے اور اپنے مذہب ودین اور عقیدے کے مطابق، نماز، روزہ، نیک کاموں ، دعا اور گریہ وزاری کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہو اور دعا کرے کہ اللہ تعالیٰ اس وبا کو ختم کرے، اس آزمائش کی سختی وپریشانی کو ہم سے دور فرمائے ، اور ایسی دوا کے انکشاف میں سائنسدانوں کی رہنمائی کرے جو اس بیماری کو ختم کردے، اور اس خطرناک وبا کے پھیلنے کی وجہ سے ظاہر ہونے والے صحتیاتی اقتصادی اور انسانی نقصانات سے دنیا کو محفوظ رکھے۔

اور انسانی اخوت و بھائی چارگی اقرار نامے کے مقاصد کو بروئے کار لانے والی اعلی کمیٹی، انسانیت کی خاطر نماز، روزہ اور دعا کےلئے اگلے 14مئی بروز جمعرات کو اختیار کرنے کی تجویز پیش کر رہی ہے ، اور کمیٹی دنیا کی تمام مذہبی قیادتوں اور لوگوں سے گزارش کررہی ہے کہ وہ اس انسانی اپیل پر لبیک کہیں ، اور اللہ کی طرف متوجہ ہوکر ایک آواز میں دعا کریں کہ وہ انسانیت کی حفاظت فرمائے، اس مصیبت سے نمٹنے میں اس کی مدد کرے اور امن واستحکام اور صحت وترقی کو اس کی طرف دوبار واپس لائے ؛ تاکہ اس آفت و مصیبت کے ٹل جانے کے بعد ہماری دنیا میں انسانیت اور اخوت و بھائی چارگی پہلے سے کہیں زیادہ اس وقت عام ہوجائے۔

انسانی اخوت و بھائی چارگی کی اعلی کمیٹی۔